اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

درجہ شروع کرنے سے پہلے کی نیتیں

فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

نِیَّۃُ الْمُؤْمِنُ خیر مِن عَمَلِہ "مسلمان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے۔"
(طبرانی معجم کبیر ج6ص185حدیث942 دار الاحیاء التراث العربی بیروت)

دو مدنی پھول:

(1)بغیر اچھی نیت کے کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔

(2)جتنی اچھی نیتیں زیادہ اُتنا ثواب بھی زیادہ۔

﴿1﴾اللہ عزوجل کی رضا حاصل کرنے کے لیے مدنی قاعدہ پڑھوں گی۔

﴿2﴾اپنے مخارج درست کرنے اور کثیر اجرو ثواب حاصل کرنے کی نیت سے پڑھوں گی۔﴿3﴾ تحصیل علم دین کی نیت سے پڑھوں گی۔

﴿4﴾دوسروں کو پڑھانے کی نیت سے مدنی قاعدہ پڑھوں گی۔

﴿5﴾جو کچھ علم حاصل کروں گی اس پر اخلاص کے ساتھ حتی الامکان عمل کرنے کی کوشش کروں گی۔

﴿6﴾معلومات زیادہ ہونے کی صورت میں غرور و تکبر نہیں کروں گی۔

﴿7﴾کسی سے ذاتی دوستی نہیں کروں گی۔

﴿8﴾معلمہ کے حقوق ادا کرنے کی حتی الامکان کوشش کروں گی۔

﴿9﴾معلمہ کی کمزوری معلوم ہوئی تو ہرگز کسی اور کے سامنے ظاہر نہیں کروں گی۔

﴿10﴾غلطی پر ڈانٹ ملی تو صبر کروں گی۔

﴿11﴾ڈانٹ کو اپنی اصلاح سمجھتے ہوئے

﴿12﴾اپنی اصلاح قبول کر کے ان کا شکریہ ادا کروں گی۔

﴿13﴾کسی پر طنز نہیں کروں گی۔

﴿14﴾فضول کاموں اور فضول باتوں میں وقت ضائع نہیں کروں گی۔

﴿15﴾فضول اور بے محل سوال کرنے سے بچوں گی۔

مدنی پھول: نیتیں کرواتے وقت نمبر نہ بتائے جائیں۔